**12.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

..............................................................................

☆ حکومت نے پی ایم- سوریہ گھر-مفت بجلی یوجنا کے تحت ماڈل شمسی گاؤں کے نفاذ کیلئے کارروائی جاتی رہنما خطوط جاری کئے ہیں۔ ہر ضلعے میں ایک ماڈل گاؤں بنایا جائے گا۔

☆ آئی آئی ٹی مدراس، مجموعی زمرے میں قومی ادارہ جاتی درجہ بندی فریم ورک 2024 میں سرفہرست رہا ہے۔ بنگالورو کا انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس یونیورسٹی کے زمرے میں اوّل درجے پر رہا۔

☆ خردہ افراطِ زر کی شرح تقریباً پانچ سالوں میں، جولائی میں سب سے کم تین اعشاریہ پانچ چار فیصد رہی۔

☆ خارجہ سکریٹری وِکرم مِسری نے نیپال کے وزیر خارجہ کے ساتھ باہمی مفاد کے باہمی معاملات پر تبادلۂ خیال کیا۔

☆ اور بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آئندہ دو دنوں کیلئے ملک کے وسطی، شمال مشرقی اور جنوبی حصوں میں بہت شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

..............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *GovtModel Solar Village*

حکومت نے، پی ایم-سوریہ گھر-مفت بجلی یوجنا کے تحت ماڈل شمسی گاؤں کے نفاذ کیلئے آپریشن جاتی رہنما خطوط جاری کئے ہیں۔ نئی اور قابل تجدید توانائی کی وزارت نے آج ایک بیان میں کہا کہ اسکیم کے تحت، ملک بھر میں ہر ضلع میں ایک ماڈل شمسی گاؤں وضع کرنے پر زور دیا گیا ہے۔ وزارت نے کہا کہ اِس عنصر کیلئے 800 کروڑ روپئے کی مجموعی مالیاتی رقم مختص کی گئی ہے۔ اس نے کہا کہ اِس اسکیم کے تحت غور کئے جانے کی غرض سے، کسی گاؤں کو پانچ ہزار سے زیادہ یا خصوصی زمرے کی ریاستوں کیلئے دو ہزار سے زیادہ آبادی کے ساتھ، Revenue گاؤں ہونا چاہئے۔ وزارت نے کہا کہ گاؤں کا تجزیہ، ضلع سطحی کمیٹی کے ذریعے امکانی امیدواروں کے اعلان کے بعد چھ مہینے کے اندر اُن کی مجموعی نصب تقسیم شدہ قابل تجدید توانائی کی صلاحیت پر کیا جائے گا۔

ہر ضلع میں جیتنے والے گاؤں کو، جس کی قابل تجدید توانائی کی صلاحیت سب سے زیادہ ہوگی، ایک کروڑ روپے کی مرکزی مالی امداد کی گرانٹ دی جائے گی۔x

## NIRF Ranking

IIT مدراس کو اعلیٰ تعلیمی اداروں کی مجموعی درجہ بندی کی نیشنل انسٹی ٹیوشنل رینکنگ فریم ورک، NIRF-2024 میں سرفہرست قرار دیا گیا ہے۔

وہیں انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس IISc بنگلورو کو دوسرا اور IIT بامبے کو تیسرا مقام حاصل ہوا ہے۔ تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے آج نئی دلّی میں مجموعی درجہ بندی کی بھارتی رینکنگ 2024 جاری کی۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے، وزیرِ تعلیم نے کہا کہ درجہ بندی اور اُس کی تسلیم شدہ حیثیت، قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے اہم جُز ہیں اور سبھی تعلیمی اداروں کو اِس نظام پر عمل کرنا ہوگا۔

وزیرِ تعلیم نے مزید کہا کہ ملک بھر میں 58 ہزار تعلیمی ادارے ہیں، جن میں ساڑھے چھ ہزار NIRF نظام کے تحت آتے ہیں۔

SB - 2045 Dharmendra Pradhan

یونیورسٹیوں کے زمرے میں، سرفہرست تین مقامات پر انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس، IISc ، بنگلورو، جواہر لال نہرو یونیورسٹی، JNU نئی دلّی اور جامعیہ ملیہ اسلامیہ ، نئی دلّی فائز ہیں۔ انجینئرنگ زمرے میں IIT مدراس پہلے مقام پر ہے، جبکہ IIT دلّی کو دوسری اور IIT بامبے کو تیسری پوزیشن ملی ہے۔

اِس سال 16 زمروں میں انعامات دیئے گئے، جن میں تین نئے زمرے شامل کئے گئے ہیں۔ یہ تین نئے زمرے ہیں: ریاستی عوامی یونیورسٹیاں، اوپن یونیورسٹیاں اور ہنرمندی کی یونیورسٹیاں۔ x

## BJP - Hindenburg

BJP کے سینئر رہنما روی شنکر پرساد نے ہنڈن برگ کی تازہ ترین رپورٹ سے متعلق سابقہ واقعہ پر کانگریس کی نکتہ چینی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی، اس کے اتحادی اور ساتھی مل کر بھارت میں اقتصادی بحران اور عدم استحکام پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ آج نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے، انہوں نے کانگریس پر الزام لگایا کہ وہ بھارتی اسٹاک مارکیٹ کو غیر مستحکم کرنا چاہتی ہے اور وہ چھوٹے سرمایہ کاروں کی سرمایہ کاری سے ہونے والی آمدنی کو روکنا چاہتی ہے۔ کانگریس کی جانب سے ایک JPC رپورٹ کے مطالبے کو مسترد کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ مارکیٹ ریگولیٹر پر Short-Selling فرم کے عائد کردہ الزامات اور اپوزیشن کی نکتہ چینی ایک بڑی سازش کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ غیر ملکوں سے آنے والی FII اور FDI سرمایہ کاری کو روکنا چاہتے ہیں۔ جناب پرساد نے الزام لگایا کہ بھارت کے خلاف مسلسل پروپیگنڈہ چلانے والے ہنڈن برگ میں George Soros کی سرمایہ کاری ہے۔

SB - Ravi Shankar Prasad

ہنڈن برگ کی رپورٹ اور SEBI سربراہ پر لگائے گئے الزامات کے سلسلے میں کانگریس رہنما پون کھیڑا نے کہا کہ ہنڈن برگ ، SEBI کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کا نقطے وار جواب کب دے گا۔ x

## CPI July

اِس سال جولائی کیلئے خردہ افراطِ زر کی شرح، سال بہ سال کی بنیاد پر، 59 مہینوں میں سب سے کم ہوکر تین اعشاریہ پانچ چار فیصد رہی۔ شماریات اور پروگرام کے نفاذ کی وزارت کے ذریعے آج جاری اعداد وشمار کے مطابق گذشتہ مہینے کیلئے صارفین کی قیمتوں کے اشاریے میں کمی، بنیادی طور پر سبزیوں، پھلوں اور مسالہ جات کی قیمتوں میں کمی ہونے کی وجہ سے ہوئی۔ جولائی 2024 کیلئے غذائی افراطِ زر کی شرح گذشتہ مہینے جون کے بعد سے سب سے کم رہی۔ اعداد وشمار کے مطابق، گذشتہ مہینے غذائی افراطِ زر پانچ اعشاریہ چار دو فیصد تھا۔ مذکورہ مدت کیلئے دیہی افراطِ زر کی شرح چار اعشاریہ ایک صفر رہی جبکہ شہری علاقوں کیلئے یہ شرح دو اعشاریہ نو آٹھ فیصد تھی۔x

## IIP-CPI

بھارت کی صنعتی پیداوار میں اِس سال جون میں چار اعشاریہ دو فیصد کا اضافہ ہوا۔ شماریات اور پروگرام کے نفاذ کی وزارت کے مطابق تین شعبوں، کانکنی، مینوفیکچرنگ اور بجلی کے شعبوں میں جون 2024 کے مہینے کیلئے شرحِ نمو میں، بالترتیب دس اعشاریہ تین فیصد، دو اعشاریہ چھ فیصد اور آٹھ اعشاریہ چھ فیصد کا اضافہ درج کیا گیا ہے۔x

## Direct Tax Collections

ایک اپریل سے گیارہ اگست کے دوران راست ٹیکسوں کی مجموعی حصولیابی گذشتہ سال کی اِسی مدت کے مقابلے تقریباً 24 فیصد بڑھ کر 8 لاکھ 13 ہزار کروڑ روپے ہوگئی۔ انکم ٹیکس محکمے نے کہا کہ گذشتہ سال کی اِسی مدت کے دوران راست ٹیکسوں کی مجموعی حصولیابی چھ لاکھ 55 ہزار کروڑ روپے تھی۔ اِسی طرح راست ٹیکسوں کا نیٹ محصول 6 لاکھ 93 ہزار کروڑ روپے رہا، جو 22 اعشاریہ چار آٹھ فیصد کا اضافہ ہے۔x

## Govt Kharif

حکومت نے آج کہا ہے کہ اِس سال خریف کی فصل کی بوائی 979 لاکھ ہیکٹئر میں کی گئی ہے۔ وزارت زراعت نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ 331 اعشاریہ سات آٹھ لاکھ ہیکٹئر رقبے پر دھان کی فصل کی بوائی کی گئی ہے، جو کہ گذشتہ سال کے اِسی مدت کے دوران 318 اعشاریہ ایک چھ لاکھ ہیکٹئر تھی۔

دال کی بوائی 117 لاکھ ہیکٹئر رقبے پر کی گئی ہے، جو کہ گذشتہ سال کے اِسی مدت کے دوران 110 اعشاریہ آٹھ لاکھ ہیکٹئر تھی۔ موٹے اناج کی بوائی تقریباً 173 لاکھ ہیکٹئر رقبے پر کی گئی ہے، جوکہ گذشتہ سال اِسی مدت کے دوران 171 اعشاریہ تین چھ لاکھ ہیکٹئر تھی۔ x

**Rev. Foreign Secy Nepal**

بھارت کے خارجہ سکریٹری جناب وِکرم مِسری نے نیپال کی خارجہ سکریٹری محترمہ Sewa Lamsal کی دعوت پر 11 سے 12 اگست 2024 تک نیپال کا سرکاری دورہ کیا۔ یہ خارجہ سکریٹری کا گذشتہ مہینے عہدہ سنبھالنے کے بعد نیپال کا پہلا دورہ تھا۔ خارجہ سکریٹری نے اپنے ہم منصب نیپال کے خارجہ سکریٹری سے آج ملاقات کی۔ اُن کے وسیع تبادلۂ خیال میں بھارت اور نیپال کے درمیان کثیر جہتی تعاون کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کیا گیا۔ دونوں خارجہ سکریٹریوں نے مختلف باہمی اقدامات اور ترقیاتی پروجیکٹوں میں کی گئی پیشرفت کا جائزہ لیا نیز مزید تعاون کیلئے مواقعوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ نیپال کی خارجہ سکریٹری نے دورے پر آئے وفد کیلئے ایک ظہرانے کی میزبانی بھی کی۔

خارجہ سکریٹری نے نیپال کے صدر رام چندر Paudel اور نیپال کے وزیر اعظم کے پی شرما اُولی سے کُل ملاقات کی۔ انھوں نے اُنہیں بھارت کی قیادت کی جانب سے نیک خواہشات ارسال کی اور دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعاون کے مختلف پہلوؤں میں کی جارہی پیشرفت کے بارے میں بھی اُنہیں تفصیلات سے آگاہ کیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ..............................

V/C-Sweta Singh

بھارت کے خارجہ سکریٹری وکرم مِصری نے نیپال کے خارجی امور کے وزیر ڈاکٹر Arzu Rana Deuba سے خیرسگالی ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں نے دو طرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں اور معاشی اور ترقیاتی اشتراک پروجیکٹوں سمیت مختلف معاملات پر بات چیت کی۔

ڈاکٹر Deuba نے ججر کوٹ زلزلہ متاثرین افراد کی مدد اور بچاؤ کارروائیوں کیلئے بھارتی حکومت کے تئیں اظہارِ تشکر کیا۔

نیپال کے اپنے سرکاری دورے کے دوسرے اور آخری دن خارجہ سکریٹری وکرم مصری نے نائب وزیر اعظم اور شہری ترقیات کے وزیر پرکاش مان سنگھ سے بھی خیرسگالی ملاقات کی۔

اِس دوران انہوں نے شہری ترقیات ، کچرے کو ٹھکانے لگانے، باگمتی اور بِشنومتی ندیوں کی صفائی اور بازیابی اور دیگر صفائی ستھرائی سے متعلق معاملات پر بات چیت کی۔ دونوں نے اِن معاملات سے نمٹنے کیلئے دونوں ممالک کے درمیان اشتراک کے امکانات پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔ بھارت کے سووچھ بھارت ابھیان اور گنگا ندی کی صفائی کی کوششوں کا حوالہ دیتے ہوئے نیپال کے نائب وزیر اعظم سنگھ نے کہا کہ اِن معاملات میں بھارت کا ٹیکنالوجی کے استعمال کا تجربہ ، نیپال کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ وہیں خارجہ سکریٹری وکرم مِصری نے کہا کہ بھارت، امن، استحکام اور خوشحالی کے حصول کیلئے ہمیشہ نیپال کے ساتھ ہے۔

شویتا سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

**Jaishankar MoU**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور مالدیپ کے اُن کے ہم منصب موسیٰ ضمیر نے، 2029-2024 کی مدت کے دوران ایک ہزار مالدیپ کے سول سروسز افسران کی صلاحیت سازی کیلئے مفاہمت نامے کا اَحیاء کیا ہے۔ اِس

مفاہمت نامے کا اَحیاء، اِس مہینے کی 9 تاریخ کو مالدیپ کی راجدھانی میں کیا گیا۔ اَحیاء شدہ یہ شراکت داری، سرکاری پالیسی، حکمرانی اور فیلڈ انتظامیہ میں مالدیپ کے سول سرونٹس کی صلاحیتوں کو بڑھانا جاری رکھے گی۔ یہ بھارت اور مالدیپ کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرے گی۔x

## Agriculture MIN-MEET

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے نیوزی لینڈ کے اپنے ہم منصب Todd McClay اور اُن کے وفد کے ساتھ آج نئی دلّی میں ایک اعلیٰ سطحی باہمی میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران، تبادلۂ خیال میں، دونوں ملکوں کی زرعی ترجیحات کے بارے میں معلومات شراکت کرنے اور شراکت داری کیلئے نئی راہوں کی تلاش کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ میٹنگ میں خاص طور پر باغبانی اور Cage ماہی گیری میں تحقیق وترقی میں تکنیکی تعاون کی اہمیت پر بھی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ دونوں لیڈروں نے زرعی شراکت داری کو گہرا کرنے کے تئیں اپنے عزم کا اظہار کیا جس نے حالیہ برسوں میں نمایاں پیشرفت کی ہے۔ جناب چوہان نے بھارت کے ساتھ تعلقات مستحکم کرنے میں نیوزی لینڈ کی فعال کاوشوں کی ستائش کی۔x

## Bangladesh Police Rejoin Duty

بنگلہ دیش میں، ایک ہفتے کی کام سے غیرحاضری کے بعد، پولیس کے عملے نے پیر کے روز اپنے کام کی جگہ پر واپس پہنچنا شروع کردیا ہے۔ عوامی لیگ کے زیر قیادت حکومت کے گرنے کے بعد پورے بنگلہ دیش میں بہت سے پولیس اسٹیشنوں پر حملے کئے گئے تھے۔ اُس کے بعد سے، پولیس کے عملے کے افراد کام سے غیر حاضر تھے جس کیلئے وہ تحفظاتی تشویش کو وجہ بتاتے تھے۔ گذشتہ چند دنوں میں ڈھاکہ اور ملک کے دیگر حصوں میں طالب علموں کو ٹریفک کا نظام سنبھالتے دیکھا گیا۔ کچھ پولیس افسران نے، جو ہڑتال پر تھے، عبوری حکومت کے داخلی امور کے مشیر بریگیڈیئر جنرل (ریٹائرڈ) ایم سخاوت حسین کے ساتھ ایک میٹنگ کرنے کے بعد اپنی ہڑتال ختم کردی۔x

## Bihar Stampede

بہار کے جہان آباد ضلع میں Siddheshwar Nath مندر میں ایک بھگدڑ میں سات افراد اپنی جانیں گنواں بیٹھے۔ اِس المناک حادثے میں دیگر 16 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ زخمیوں کو جہان آباد اسپتال میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ جہان آباد کے SP اَروِند پرتاپ سنگھ نے کہا کہ یہ بھگدڑ گذشتہ رات کسی معاملے پر مقامی خوانچہ فروشوں اور عقیدتمندوں کے درمیان ہونے والی ایک تکرار کے بعد شروع ہوئی تھی۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ بڑی تعداد میں عقیدتمند Shravan کے مقدس مہینے کے چوتھے پیر کے روز کے مدنظر پوجا اَرچنا کرنے کیلئے مندر میں جمع ہوئے تھے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ پولیس اِس واقعے کی تفتیش کر رہی ہے اور اُن لوگوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی جو اِس کے ذمے دار ہیں۔ وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے مرنے والے کے خاندان کے افراد کو چار-چار لاکھ روپئے اور زخمی ہونے والوں کو پچاس-پچاس ہزار روپئے نقد دینے کا اعلان کیا ہے۔x

## Rajasthan Rain with VC

راجستھان میں پچھلے تین دنوں میں شدید سے بہت شدید بارش ہونے کے باعث راجستھان کے سات مشرقی اضلاع میں زندگی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ جے پور، دھول پور، کرولی، بھرت پور، دَوسہ، ٹونک اور سوائے مادھوپور اضلاع کے بہت سے گاؤں اور قصبوں میں پانی بھر گیا ہے۔ضلع انتظامیہ نے جے پور، کرولی، گنگاپور شہر، دھول پور اور دوسہ اضلاع کے اسکولوں میں کل کیلئے تعطیل کا اعلان کیا ہے۔

پیش ہے ہمارے نمائندے کی رپورٹ............

V/C Jitendra Dwivedi

مسلسل ہونے والی بارش کی وجہ سے روز مرہ کی زندگی ٹھہر گئی ہے۔ دریا اور نالے طغیانی پر ہیں۔ بہت سی سڑکیں بند ہوگئی ہیں۔ بہت سے مقامات پر ریل آمد ورفت بھی متاثر ہوئی ہے۔ وزیر اعلیٰ بھجن لال شرما نے آج شام جے پور میں متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔ انھوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ پانی سے بھرے ہوئے علاقوں سے دور رہیں اور احتیاط برتیں۔ اِسی دوران، محکمۂ موسمیات نے ٹونک، سوائے مادھوپور، کوٹہ، کرولی، جے پور، دھول پور، دَوسہ، بونڈی اور Baran اضلاع میں بہت شدید بارش ہونے کیلئے ریڈ اور اورینج الرٹ جاری کئے ہیں۔

جے پور سے جتیندر دیویدی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اسعداللہ

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آئندہ دو دنوں کیلئے ملک کے وسطی، شمال مشرقی اور جنوبی حصوں کیلئے اورینج الرٹ وارننگ جاری کی ہے۔ IMD کے مطابق راجستھان، اترپردیش، مشرقی اور شمال مشرقی بھارت میں آئندہ سات دنوں تک کہیں کہیں شدید بارش جاری رہے گی۔ آکاشوانی کے ساتھ خاص بات چیت کرتے ہوئے IMD کے سائنسداں آر کے جینامنی نے کہا کہ مشرقی راجستھان اور مدھیہ پردیش کے مغربی حصے کیلئے آج ریڈ الرٹ وارننگ جاری کی گئی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ تمل ناڈو، رائل سیما، کیرالہ اور شمال مغربی بھارت کیلئے اورینج وارننگ جاری کی گئی۔

S.B 2045 Jainamani

جناب جینامنی نے کہا کہ مغربی راجستھان میں انتہائی شدید بارش جاری رہے گی جبکہ ملک کے وسطی اور شمالی حصوں میں بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆